وزیر اعظم نے G7 سربراہ اجلاس کے موقع پر وزیر اعظم مارک کارنی سے ملاقات کی

جون 18، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج البرٹا کے کناناسکس میں G7 سربراہی جلاس کے موقع پر کناڈا کے وزیر اعظم عزت مآب جناب مارک کارنی کے ساتھ باہمی میٹنگ کی۔

2. کناڈا میں حال ہی میں ہوئے عام انتخابات کے بعد وزیر اعظم کارنی کے عہدہ سنبھالنے کے بعد دونوں رہنماؤں کے درمیان یہ پہلی ذاتی ملاقات تھی۔ اس میٹنگ نے فریقین کو بھارت-کناڈا تعلقات کی صورتحال اور آگے بڑھنے کے طریقے پر واضح اور مستقبل پر مبنی بات چیت کرنے کا موقع فراہم کیا۔

3. قائدین نے مشترکہ جمہوری اقدار اور قانون کی حکمرانی کے تئیں احترام اور خودمختاری اور علاقائی سالمیت کے اصولوں کو برقرار رکھنے کی بنیاد پر بھارت-کناڈا تعلقات کی اہمیت کا اعادہ کیا۔ انہوں نے خدشات اور حساسیت کے لئے آپسی احترام، عوام سے عوام کے مضبوط تعلقات اور بڑھتی ہوئی اقتصادی تکمیل پر مبنی ایک تعمیری اور متوازن شراکت داری کو آگے بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس سلسلے میں دونوں فریق نے تعلقات میں استحکام کی بحالی کے لیے درست اور تعمیری اقدامات اٹھانے پر اتفاق کیا، جس کی شروعات ایک دوسرے کے دارالحکومتوں میں ہائی کمشنرز کی جلد واپسی سے ہوگی۔

4. قائدین نے اعتماد کی بحالی اور تعلقات میں رفتار لانے کے لیے مختلف شعبوں میں سینئر وزارتی اور ورکنگ لیول کی مصروفیات کو دوبارہ شروع کرنے کی اہمیت پر زور دیا۔

5. رہنماؤں نے صاف توانائی، ڈیجیٹل تبدیلی، مصنوعی ذہانت، ایل این جی، فوڈ سیکیورٹی، اہم معدنیات، اعلیٰ تعلیم، نقل و حرکت اور سپلائی چین لچک جیسے شعبوں میں مستقبل میں تعاون کے مواقع پر تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نے ایک آزاد اور کھلے ہند-بحرالکاہل خطے کو فروغ دینے میں اپنی مشترکہ دلچسپی کا اعادہ کیا۔ رہنماؤں نے ایک جامع اقتصادی شراکت داری کے معاہدے (سی ای پی اے) کی راہ ہموار کرنے کے مقصد کے ساتھ، ابتدائی پیش رفت تجارتی معاہدے (ای پی ٹی اے) پر رکے ہوئے مذاکرات کو دوبارہ شروع کرنے کی اہمیت پر بھی تبادلہ خیال کیا۔ انہوں نےاس سلسلے میں آگے بڑھنے کے لئے اپنے متعلقہ حکام کوکام سونپے جانے پر رضامندی ظاہر کی۔

6. دونوں رہنماؤں نے G7 سربراہ اجلاس میں ہونے والی اہم پیش رفت اور عالمی ترجیحات جیسے کہ ماحولیاتی کارروائی، جامع اور پائیدار ترقی پر مل کر تعمیری طور پر کام کرنے کی مشترکہ خواہش کا اعتراف کیا۔

7. رہنماؤں نے دونوں ممالک کے درمیان عوام سے عوام کے گہرے رابطوں پر زور دیا اور دونوں ممالک کے فائدے کے لیے اس کے استعمال پر اتفاق کیا۔

8. رہنماؤں نے رابطے میں رہنے پر اتفاق کیا اور جلد از جلد ایک دوسرے سے دوبارہ ملنے کی خواہش ظاہر کی.

کاناناسکس
جون 17، 2025